صدر اوباما کا عیدالاضحیٰ کے موقع پر پیغام

وہائٹ ہاؤس

امریکہ کے عوام میرے اور خاتونِ اول مشیل کے ساتھ مل کر آپ اور پاکستان کے لوگوں کیلئے، ایسے موقع پر جب آپ عیدالاضحیٰ منا رہے ہیں، نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ ہر جگہ کے لوگ عقیدت اور قربانی کی اُس روح کو اپنائیں گے جس کی عیدالاضحیٰ مجسم علامت ہے اور دردمندی اور بے لوث انداز میں پوری انسانیت کیلئے امن اور خیر سگالی کے حصول کی کوششیں جاری رکھیں گے۔

خدا کرے آپ اور پاکستان کے عوام آنے والے سال میں بہت سی برکتوں سے مستفید ہوں۔

باراک اوبامہ

###

صدر باراک اوباما کا حج اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر پیغام

وہائٹ ہاؤس

دفتر پریس سیکرٹری

مشیل اور میں دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہدیۂ تہنیت پیش کرتے ہیں اور عازمینِ حج کے بخیر و عافیت سفر کیلئے دُعا گو ہیں۔ امسال امریکہ سمیت 160 ممالک سے تقریباً تیس لاکھ عازمینِ حج مناسکِ حج ادا کرنے کیلئے مکہ معظّمہ اور اُس کے گردونواح کے مقامات پر جمع ہوئے اور اُنھوں نے اجتماعی عبادت میں شرکت کی۔

عید کے موقع پر دُنیا بھر کے مسلمان حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جانب سے اپنے بیٹے کی قربانی دینے پر آمادگی کی یاد منائیں گے اور نسبتاً کم خوشحال افراد میں کھانا تقسیم کریں گے، جو دُنیا کے تین بڑے مذاہب کی مشترکہ اقدار اور مشترکہ بنیادوں کی یاددہانی کرواتی ہے۔

ہم امریکہ کے عوام کی جانب سے حج کے اِس موقع پر، یعنی عیدالاضحیٰ، حج مبرور اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔

###